تمہاری روشنی آدمیوں کے سامنے چمکے!

خداوند یسوع مسیح میں آپ تمام بہن بھائیوں کی سلامتی ہو، خداوند کا فضل آپ کے ساتھ ہوتا رہے! خداوند کے پاک کلام اور اُس کی تشریح کرنے کا مقصد صرف ہمارے خداوند یسوع مسیح کے علم میں ترقی کرنا ہے۔ اور مسیح کے پیروکاروں کا کردار یہ ہونا چاہیے کہ وہ دنیا کے نور ہوں۔

ابتدا میں خدا نے روشنی کو بنایا اور کہا اچھا ہے: ابتدا میں خدا نے دیکھا کہ زمین ویران اور اندھیرا ہے جس نے تمام زمین پر سایہ کر رکھا ہے پیدائش ۱:۱۔۵ خدا نے ابتدا میں زمین اور آسمان کو بنایا اور زمین ویران اور سُنسان تھی اور گہراؤ کے اُوپر اندھیرا تھا اور خدا کی روح پانیوں پر جنبش کرتی تھی اور خدا نے کہا روشنی ہو جا اور روشنی ہو گئی اور خدا نے دیکھا کہ روشنی اچھی ہے اور خدا نے رشنی کو تاریکی سے جُدا کیا اور خدا نے روشنی کو تو دن کہا اور تاریکی کو رات، اور شام ہوئی اور صبح ہوئی سو پہلا دن ہوا۔ یوحنا رسول نے اپنا انجیلی بیان اس طرح شروع کیا کہ یسوع مسیح ابتدا میں تھا وہی ہے جو روشنی لایا اور آج بھی دنیا میں نور لانے کا سبب بنتا ہے۔ جو روشنی پسند ہیں اُسے قبول کرتے ہیں اور جو تاریکی پسند کرتے ہیں وہ اُسے قبول نہیں کرتے۔ یوحنا ۱:۱۔۴ ابتدا میں کلام تھا اور کلام خدا کے ساتھ تھا اور کلام خدا تھا یہی ابتدا میں خدا کے ساتھ تھا سب چیزیں اُس کے وسیلہ سے پیدا ہوئیں اور جو کچھ پیدا ہوا ہے اُس میں سے کوئی بھی چیز اُس کے بغیر پیدا نہیں ہوئی۔ اُس میں زندگی تھی اور وہ زندگی آدمیوں کا نور تھی۔ یوحنا ۳:۱۶، ۱۹، ۲۱ کیونکہ خدا نے دنیا سے ایسی محبت رکھی کہ اُس نے اپنا اکلوتا بیٹا بخش دیا تا کہ جو کوئی اُس ایمان لائے ہلاک نا ہو بلکہ ہمیشہ کی زندگی پائے۔ اور سزا کے حکم کا سبب یہ ہے کہ نور دنیا میں آیا اور آدمیوں تاریکی کو نور سے زیادہ پسند کیا۔ مگر جو سچائی پر عمل کرتا ہے وہ نور کے پاس آتا ہے تا کہ اُس کے کام ظاہر ہوں کہ وہ خدا میں کیے گئے ہیں۔ یوحنا ۸:۱۲ یسوع نے پھر اُن سے مخاطب ہو کر کہا دنیا کا نور میں ہوں جو میری پیروی کرے گا وہ اندھیرے میں نا چلے گا۔ یوحنا ۹:۴۔۵ جس نے مجھے بھیجا ہے ہمیں اُس کے کام دن ہی دن میں کرنا ضرور ہے وہ رات آنے والی ہے جس میں کوئی شخص کام نہیں کر سکتا جب تک میں دنیا میں ہوں دنیا کا نور ہوں۔

خدا کا نور انسان کے اندھیرے دل میں چمکتا ہے: یسعیاہ ۹:۲ جو لوگ تاریکی میں چلتے تھے انھوں نے بڑی روشنی دیکھی جو موت کے سایہ کے ملک میں رہتے تھے اُن پر نور چمکا۔ بامطابق بائبل مقدس دنیا کا نور خداوند یسوع مسیح ہے۔ یسعیاہ ۹:۶۔۷ اس لیے ہمارے لیے ایک لڑکا تولد ہوا اور ہم ایک بیٹا بخشا گیا اور سلطنت اُس کے کندھے پر ہو گی اور اُس کا نام عجیب مُشیر خدائی قادر ابدیت کا باپ سلامتی کا شہزادہ ہو گا۔ اُس کی سلطنت کے اقبال اور سلامتی کی کچھ انتہا نہ ہو گی وہ داؤد کے تخت اور اُس کی مملکت پر آج سے ابد تک حکمران رہے گا عدالت اور صداقت سے اُسے قیام بخشے گا رب الافواج کی غیوری یہ کرے گی۔

خدا اندھیرے میں بیٹھے لوگوں کو بُلاتا ہے: یسعیاہ ۶۰:۱۔۳ اُٹھ منور ہو کیونکہ تیرا نُور آ گیا اور خداوند کا جلال تجھ پر ظاہر ہوا کیونکہ دیکھ تاریکی زمین پر چھا جائے گی اور تیرگی اُمتوں پر لیکن خداوند تجھ پر طالع ہو گا اور اُس کا جلال تجھ پر نمایاں ہو گا۔ اور قومیں تیری روشنی کی طرف آئیں گی اور سلاطین تیرے طلوع کی تجلی میں چلیں گے۔ آیات ۱۹۔۲۰ پھر تیری رشنی نا دن کو سورج سے ہو گی نا چاند کے چمکنے سے بلکہ خداوند تیرا

ابدی نور ہوگا اور تیرے ماتم کے دن ختم ہو جائیں گے۔

ایک ایمان دار کیسے نور پر ایمان لا سکتا اور اُس میں چل سکتا ہے؟: اپنی زندگی کو خدا کے کلام سے نہلا دیں۔ زبور ۱۱۹: ۱۰۵ تیرا کلام میرے قدموں کے چراغ اور میری راہ کے لیے روشنی ہے۔ ۲ کرنتھیوں ۴: ۶ اس لیے کہ خدا ہی ہے جس نے فرمایا کہ تاریکی میں سے نور چمکے اور وہی ہمارے دلوں میں چمکا تا کہ خدا کے جلال کی پہچان کا نور یسوع مسیح کے چہرے سے جلوہ گر ہو۔ خداوند یسوع مسیح ہمیں نور بخشتا ہے تا کہ ہم اُس کی روشنی میں چلیں اور ٹھوکر نہ کھائیں۔ افسیوں ۵: ۸۔۱۱ کیونکہ تم پہلے تاریکی میں تھے مگر اب خداوند میں نور ہو پس نور کے فرزندوں کی طرح چلو، اس لیے کہ نور کا پھل ہر طرح کی نیکی اور راستبازی اور سچائی ہے اور تجربہ سے معلوم کرتے رہو کہ خداوند کو کیا پسند ہے اور تاریکی کے بے پھل کاموں می شریک نہ ہو بلکہ اُن پر ملامت ہی کیا کرو۔ اتھسلنیکیوں ۵: ۴۔۸ لیکن تم اے بھائیو تاریکی میں نہیں ہو کہ وہ دن چور کی طرح تم پر آ پڑے۔ کیونکہ تم سب نور کے فرزند ہو اور دن کے فرزند ہو۔ ہم نہ رات کے ہیں نا تاریکی کے۔ پس اوروں کی طرح سو نا رہیں بلکہ جاگتے اور ہوشیار رہیں کیونکہ جو سوتے ہیں رات ہی کو سوتے ہیں اور جو متوالے ہوتے ہیں وہ رات ہی کو متوالے ہوتے ہیں مگر ہم جو دن کے فرزند ہیں ایمان اور محبت کا بکتر لگا اور نجات کی اُمید کا خُود پہن کر ہوشیار رہیں۔

حقیقی ایماندار نور ہیں: متی ۵: ۱۴۔۱۶ تم دنیا کے نور ہو جو شہر پہاڑ پر بسا ہے وہ چھپ نہیں سکتا اور چراغ جلا پر پیمانہ کے نیچے نہیں بلکہ چراغ دان پر رکھتے ہیں تو اُس سے گھر کے سب لوگوں کو روشنی پہنچتی ہے۔ اسی طرح تمہاری روشنی سب آدمیوں کے سامنے چمکے۔ تا کہ وہ تمہارے نیک کاموں کو دیکھ کر تمہارے باپ کی جو آسمان پر تمجید کریں۔ اعمال ۲۶: ۱۷۔۱۸ اور میں تجھے اُس اُمت اور غیر قوموں سے بچاتا رہوں گا جن کے پاس تجھے اس لیے بھیجتا ہوں کہ تو اُن کی آنکھیں کھول دے تا کہ اندھیرے سے روشنی کی طرف اور شیطان کے اختیار سے خدا کی طرف رُجوع لائیں اور مجھ پر ایمان لانے سے باعث گناہوں کی معافی اور مقدسوں میں شریک ہو کر میراث پائیں۔

روشنی آپ کی اپنی نہیں ہے: ایوحنا ۱: ۵۔۷ دنیا کا مغلوب کرنے والا کون ہے سوا اُس شخص کے جس کا ایمان ہے کہ یسوع مسیح خدا کا بیٹا ہے یہی ہے وہ جو خون اور پانی کے وسیلہ آیا تھا اور جو اپنی گواہی دیتا ہے کہ وہ روح ہے کیونکہ روح سچائی ہے۔ یسعیاہ ۵۰: ۱۰۔۱۱ تمہارے درمیان کون ہے جو خداوند سے ڈرتا اور اُس کے خادم کی باتیں سُنتا ہے جو اندھیرے میں چلتا اور روشنی نہیں پاتا وہ خداوند کے نام پر توکل کرے اور اپنے خدا پر بھروسہ رکھے۔ دیکھو تم سب جو آگ سلگاتے ہو اور اپنے آپ کو انگاروں سے گھیر لیتے ہو اپنی ہی آگ کے شعلوں میں اور اپنے سلگائے ہوئے انگاروں میں چلو، تم میرے ہاتھ سے یہی پاؤ گے تم عذاب میں لیٹ رہو گے۔

ہمارا آسمانی گھر نور سے بنا ہے: لکھا ہے نور کر فرزندوں کی مانند چلو، مکاشفہ ۲۱: ۲۲۔۲۵ اور میں نے اُس میں کوئی مقدس نا دیکھا اس لیے کہ خداوند خدا قادرِ مطلق اور برہ اُس کا مقدس ہیں اور اُس شہر میں سورج یا چاند کی روشنی کی کچھ حاجت نہیں کیونکہ خدا کے جلال نے اُسے روشن کر رکھا ہے اور برہ اُس کا چراغ ہے۔ اور قومیں اُس کی روشنی میں چلیں پھریں گی۔ اور زمین کے بادشاہ اپنی شان و شوکت کا سامان اُس میں لائیں گے اور اُس کے دروازے دن کو ہر گز بند ہو ہونگے۔

اور رات وہاں نہ ہوگی۔ اور لوگ قوموں کی شان وشوکت اور عزت کا سامان لائیں گے اور اُس میں کوئی ناپال چیز یا کوئی شخص جو گھنونے کام کرتا یا جھوٹی باتیں گھڑتا ہو ہرگز داخل ہوگا مگر وہی جن کے نام برہ کی کتاب حیات میں لکھے ہوئے ہیں۔

یاد رکھیں ایک مسیحی ایماندار، اُس روشنی کی مانند ہے جو کسی دوسرے انسان کو نور یعنی خداوند یسوع مسیح تک پہنچنے میں مدد کر سکتا ہے۔ یہ ایسا ہی ہے جیسے ایک شخص اندھیری جگہ پر تھا جہاں سے اُس کچھ سجھائی نہیں دے رہا تھا، اُسے معلوم نہیں تھا کہ اُس کس سمت میں مُڑنا ہے اور کہاں جانا ہے وہ کیلا ہے۔ اچانک اُس چند روشنیا نظر آتی ہیں وہ ہمت باندھ کر اُس روشنیوں کے ساتھ ساتھ قدم اُٹھاتا اپنے گھر پہنچ جاتا ہے، میرا اور آپ کو جو یسوع مسیح پر ایمان لاتے ہیں یہی حال ہے۔

اسی لیے ہمارے خداوند نے کہا کہ تم دنیا کے نور ہو، تمہارے روشنی دنیا میں چمکے تاکہ تمہارے نیک کاموں کو دیکھ کر لوگ تمہارے باپ کی جو آسمان پر ہے تمجید کریں۔ جب اندھیرے میں کھوئے ہوئے کسی شخص کو روشنی دکھائی دیتی ہے تو وہ اُس کی روشنی میں منزل (یسوع) تک با آسانی پہنچ سکتا ہے۔ کبھی غور کیجیے گا کیسے لوگوں نے اپنے گھروں کے راستوں میں شمسی توانائی پر چلنے والی روشنیا لگا رکھی ہوتی ہیں مقصد یہ ہوتا ہے کہ سرد موسم میں جب تاریک ہو اور دُھند ہو اور کچھ دکھائی نا دے تو اُن روشنیوں کی مدد سے گھر کے دروازے تک آسانی کے ساتھ پہنچا جا سکے، کیا بطور مسیحی آپ وہ روشنی بنیں گے؟ خداوند آپ کے ساتھ ہو اور ہم سب کو توفیق دے کہ جہاں کہیں ہمیں روشنی بننے کا موقع ملے ہم اُسے پوری طرح مسیح کے جلال کے لیے استعمال کریں۔ آمین